NOHA & MARSIYA

Aamad Aamad Haram-e-Shah Ki Darbar Mein Hai

آمد آمد حرمِ شاہ کی دربار میں ہے

Marsiya by Mir Anees

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Aamad aamad haram-e-shah ki darbar mein hai	آمد آمد حرمِ شاہ کی دربار میں ہے
Subh se jashn ka ghul Shaam ke bazaar mein hai	صبح سے جشن کا غل شام کے بازار میں ہے
Sohbat-e-aish-e-tarab majlis-e-ghaddar mein hai	صحبتِ عیشِ طرب مجلس غدار میں ہے
Shor-o-faryad-o-buka itrat-e-athar mein hai	شور و فریاد و بکا عترتِ اطہار میں ہے
Naubaten bajti hain dushman to khushi hote hain	نوبتیں بجتی ہیں دشمن تو خوشی ہوتے ہیں
Fatima peetti hain, sher-e-Khuda rote hain	فاطمہ پیٹتی ہیں، شیرِ خدا روتے ہیں

The King's womenfolk are being brought into the court;
since morning the noise of celebration has filled the market of Syria;
in the traitor's assembly there is a party of pleasure and delight;
among the pure family there is crying, lament and weeping.
The drums are beating; the enemies rejoice;
Fatima beats her breast, and the Lion of God weeps.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

2

Aage aage to hain Sajjad jhukaaye gardan
آگے آگے تو ہیں سجادؑ جھکائے گردن

Paaon beri mein, gala tauq mein gardan mein rasan
پاؤں بیڑی میں، گلا طوق میں گردن میں رسن

Misl-e-khursheed-e-falak sharm se larzan hai badan
مثلِ خورشیدِ فلک شرم سے لرزاں ہے بدن

Chaak hai gham mein gareban-e-qaba ta daaman
چاک ہے غم میں گریبانِ قبا تا دامن

Baith jaate hain to jhunjhla ke uthaate hain laeen
بیٹھ جاتے ہیں تو جھنجھلا کے اٹھاتے ہیں لعیں

Boriyan nezon ki, shaanon mein chhupaate hain laeen
بوڑیاں نیزوں کی، شانوں میں چھپاتے ہیں لعیں

In front of all goes Sajjad, his neck bowed,
his feet in fetters, a collar round his throat, a rope round his neck;
like the sun in the sky his body trembles with shame;
in his grief the collar of his tunic is torn down to the hem.
When he sits down, the accursed angrily force him up;
the accursed drive the butts of their lances into his shoulders.

3

Pindliyan sooji hain, aur tauq se chhilta hai gala
پنڈلیاں سوجی ہیں، اور طوق سے چھلتا ہے گلا

Sakht eeza mein hai, farzand-e-shah-e-Karb-o-Bala
سخت ایذا میں ہے، فرزند شہِ کرب و بلا

Khaar talwon mein hain, maqtal se jo paidal hai chala
خار تلووں میں ہیں، مقتل سے جو پیدل ہے چلا

Dhajjiyan paaon mein baandhe hai, wo naazon ka pala
دھجیاں پاؤں میں باندھے ہے، وہ نازوں کا پلا

Us ki mazloomi pe betaab haram hote hain
اس کی مظلومی پہ بیتاب حرم ہوتے ہیں

Deeda-e-halqa-e-zanjeer lahu rote hain
دیدۂ حلقۂ زنجیر لہو روتے ہیں

His shins are swollen, and the collar chafes his throat;
the son of the King of Karbala is in cruel pain;
there are thorns in his soles, for he has walked from the field of slaughter;
that tenderly raised one has rags bound round his feet.
The women are distraught at the wrongs done to him;
the eyes of the chain's links weep blood.

Free to read, copy and share

4

Peechhe beemar ke hai qafila-e-ahl-e-haram
پیچھے بیمار کے ہے قافلۂ اہلِ حرم

Chup hain tasweer se goya ke kisi mein nahin dam
چپ ہیں تصویر سے گویا کہ کسی میں نہیں دم

Dukhtar-e-Fatima Zahra ka ajab hai aalam
دخترِ فاطمۂ زہرا کا عجب ہے عالم

Thartharee jism mein hai uth nahin sakte hain qadam
تھرتھری جسم میں ہے اٹھ نہیں سکتے ہیں قدم

Ro ke farmaati hain kis goshe mein jaaye Zainab
رو کے فرماتی ہیں کس گوشے میں جائے زینبؑ

Haath khul jaayen to munh apna chhupaaye Zainab
ہاتھ کھل جائیں تو منہ اپنا چھپائے زینبؑ

Behind the sick one comes the caravan of the women;
they are silent as pictures, as if there were no breath in any of them.
Strange is the state of the daughter of Fatima Zahra:
a trembling runs through her body; her feet will not lift;
weeping, she says, "Into what corner can Zainab go?
If her hands were untied, Zainab would hide her face."

5

Kabhi Sajjad se kehti hain, ba aah-o-zari
کبھی سجادؑ سے کہتی ہیں، بہ آہ و زاری

Mujh ko darbar ki aafat se bachao waari
مجھ کو دربار کی آفت سے بچاؤ واری

Kar ke zari wo bayan karta hai wo aazari
کر کے زاری وہ بیاں کرتا ہے وہ آزاری

Sabr farmao jo marzi-e-janab-e-Bari
صبر فرماؤ جو مرضیِٔ جنابِ باری

Kam na kuchh martaba-e-aal-e-Aba hoye ga
کم نہ کچھ مرتبۂ آلِ عبا ہوئے گا

Aasiyon ka isi parda mein bhala hoye ga
عاصیوں کا اسی پردہ میں بھلا ہوئے گا

At times she says to Sajjad, sighing and weeping,
"I would give my life for you; save me from the ordeal of the court."
Weeping, that afflicted one answers,
"Be patient with whatever is the will of the Creator;
the rank of the family of the cloak will not be lessened in the least;
through this very veil the sinners will find their good."

Free to read, copy and share

6

Gardanen baara aseeron ki hain aur ek rasan
Jis tarah hote hain guldaste mein gulha-e-chaman
Rishta daaran-e-Ali sab hain giraftar-e-mihan
Sharm ke maare mui jaati hai ik shab ki dulhan
Dam ba dam saas bhi sar peetti hai saath us ke
Abhi kangna na khula tha ke bandhe haath us ke

گردنیں بارہ اسیروں کی ہیں اور ایک رسن
جس طرح ہوتے ہیں گلدستے میں گلہائے چمن
رشتہ دارانِ علیؑ سب ہیں گرفتارِ محن
شرم کے مارے موئی جاتی
ہے اک شب کی دلہن
دم بدم ساس بھی سر پیٹتی ہے ساتھ اس کے
ابھی کنگنا نہ کھلا تھا کہ بندھے ہاتھ اس کے

There are the necks of twelve captives, and one rope,
as the flowers of a garden are gathered in a bouquet;
all of Ali's kin are caught in afflictions;
the bride of a single night is dying of shame;
again and again her mother-in-law beats her head beside her;
her wedding bracelet had not yet been untied when her hands were bound.

7

Hai is rassi mein nanha sa Sakina ka galu
Dam ghuta jaata hai aankhon se rawan hain aansoo
Chaak kurte ka gareban hai, pareshan gesu
Sooje to gaal hain kaanon se tapakta hai lahu
Aah har gaam pe seene se nikal jaati hai
Jab ghurakte hain sitamgar to dahal jaati hai

ہے اس رسی میں ننھا سا سکینہ کا گلو
دم گھٹا جاتا ہے آنکھوں سے رواں ہیں آنسو
چاک کرتے کا گریباں ہے، پریشاں گیسو
سوجے تو گال ہیں کانوں سے ٹپکتا ہے لہو
آہ ہر گام پہ سینے سے نکل جاتی ہے
جب گھرکتے ہیں ستمگر تو دہل جاتی ہے

In this rope is little Sakina's tiny throat;
she is choking; tears are streaming from her eyes;
the collar of her shirt is torn, her locks dishevelled;
her cheeks are swollen, blood is dripping from her ears;
at every step a sigh escapes her breast;
when the tyrants scold her, she shudders with fear.

Free to read, copy and share

8

Maan se karti hai ishaara wo giraftar-e-sitam
ماں سے کرتی ہے اشارہ وہ گرفتارِ ستم

Rassi khulwa do nahin ghut ke nikal jaaye ga dam
رسی کھلوا دو نہیں گھٹ کے نکل جائے گا دم

Ro ke wo kehti hai majboor hoon main kushta-e-gham
رو کے وہ کہتی ہے مجبور ہوں میں کشتۂ غم

Haaye bachchi teri qismat mein tha ye dard-o-alam
ہائے بچی تری قسمت میں تھا یہ درد و الم

Sadqe ammaan ye girah uqda kusha khole ga
صدقے اماں یہ گرہ عقد کشا کھولے گا

Bibi is uqda-e-mushkil ko Khuda khole ga
بی بی اس عقدۂ مشکل کو خدا کھولے گا

That victim of cruelty signs to her mother:
"Have the rope loosened, or I shall choke to death."
Weeping, her mother says, "I am helpless, slain by grief;
alas, my child, this pain and sorrow were in your fate.
Your mother would give her life for you: the Untier of knots will untie this knot;
little lady, God will untie this hard knot."

9

Maan se ro ro ke wo nadan ye karti hai bayan
ماں سے رو رو کے وہ نادان یہ کرتی ہے بیاں

Kis ka darbar hai, is haal se jaati ho kahan
کس کا دربار ہے، اس حال سے جاتی ہو کہاں

Ye to keh do kahin baba bhi milen ge Ammaan
یہ تو کہہ دو کہیں بابا بھی ملیں گے اماں

Kai din guzre hain wo hain meri aankhon se nihan
کئی دن گذرے ہیں وہ ہیں
مری آنکھوں سے نہاں

Bhool jaaye ga ye sab dukh jo unhen paaoon gi
بھول جائے گا یہ سب دکھ جو انہیں پاؤں گی

Daud kar chaand si chhaati se lipat jaaoon gi
دوڑ کر چاند سی چھاتی سے لپٹ جاؤں گی

Weeping and weeping, that innocent child says to her mother,
"Whose court is this? Where are you going in this state?
Just tell me, Mother: shall we find Father somewhere?
Many days have passed since he was hidden from my eyes.
All this pain will be forgotten when I find him;
I shall run and cling to his moon-like breast."

Free to read, copy and share

10

Kahin darbar mein Ammaan wo agar mujh ko mile
کہیں دربار میں اماں وہ اگر مجھ کو ملے

Dekhna karti hoon kaise shah-e-wala se gale
دیکھنا کرتی ہوں کیسے شہ والا سے گلے

Wo khabar leven na gardan meri rassi se chale
وہ خبر لیویں نہ گردن مری رسی سے چلے

Is ko yun bhoolte hain baap se bachcha jo pale
اس کو یوں بھولتے ہیں باپ سے بچہ جو پلے

Wajh kya kaun si taqseer pe munh mora hai?
وجہ کیا کون سی تقصیر پہ منہ موڑا ہے؟

Seeliyan khaane ko aada mein mujhe chhora hai
سیلیاں کھانے کو اعدا میں مجھے چھوڑا ہے

"Mother, if I find him somewhere in the court,
watch how I throw my arms round the noble King's neck!
He does not ask after me, though my neck is chafed by the rope;
is this how one forgets a child who has grown up with her father?
What is the reason? For what fault has he turned his face away?
He has left me among the enemies to be slapped."

11

Kaan zakhmi hue aur li na khabar waah re pyaar
کان زخمی ہوئے اور لی نہ خبر واہ رے پیار

Khoob bhoole mujhe baba ki mohabbat ke nisar
خوب بھولے مجھے بابا کی محبت کے نثار

Din mein chhaati se lagaate the mujhe sau sau baar
دن میں چھاتی سے لگاتے تھے مجھے سو سو بار

Mujh pe ye zulm hain aaya unhen kis tarah qarar
مجھ پہ یہ ظلم ہیں آیا انہیں کس طرح قرار

Munh dikhaate nahin shafqat se bulaana kaisa
منہ دکھاتے نہیں شفقت سے بلانا کیسا

Khwab mein aaye na chhaati pe sulaana kaisa
خواب میں آئے نہ چھاتی پہ سلانا کیسا

"My ears were wounded, and he did not ask after me: such love!
He has forgotten me well; I would give my life for Father's love!
In the day he used to hold me to his breast a hundred times;
these cruelties are done to me: how can he be at peace?
He does not even show his face; what of calling me lovingly?
He has not come even in a dream; what of letting me sleep on his breast?"

Free to read, copy and share

12

Rote the sun ke Sakina ka bayan saare aseer
روتے تھے سن کے سکینہؑ کا بیاں سارے اسیر

Har qadam par tha yahi shor ke hai hai Shabbir
ہر قدم پر تھا یہی شور کہ ہے ہے شبیر

Is taraf hoti thi aaraish-e-darbar-e-shareer
اس طرف ہوتی تھی آرائشِ دربارِ شریر

Takht par aap tha aur kursiyon par saare amir
تخت پر آپ تھا اور کرسیوں پر سارے امیر

Ik taraf loot ka sab zewar-o-zar rakha tha
اک طرف لوٹ کا سب زیور و زر رکھا تھا

Aur tale Fatima ke laal ka sar rakha tha
اور تلے فاطمہ کے لعل کا سر رکھا تھا

Hearing Sakina's words, all the captives were weeping;
at every step there was this cry: "Alas, alas, Shabbir!"
On this side the wicked man's court was being arrayed:
he himself sat on the throne, and all the nobles on chairs;
on one side all the plundered jewels and gold had been laid out,
and below lay the head of Fatima's son.

13

Nazren haathon pe liye aate the sab darbari
نذریں ہاتھوں پہ لیے آتے تھے سب درباری

Parhte the tahniyat fath ko baari baari
پڑھتے تھے تہنیت فتح کو باری باری

Jama darbar mein thi, shahr ki khalqat saari
جمع دربار میں تھی، شہر کی خلقت ساری

Yaan to tha jashn ka ghul, aur udhar thi zari
یاں تو تھا جشن کا غل، اور ادھر تھی زاری

Is taraf to daf-o-nay ki sada aati thi
اس طرف تو دف و نے کی صدا آتی تھی

Aur us simt se hai hai ki sada aati thi
اور اس سمت سے ہے ہے کی صدا آتی تھی

All the courtiers came bearing offerings in their hands;
one after another they recited congratulations on the victory;
all the people of the city were gathered in the court;
here there was the noise of celebration, there weeping;
from this side came the sound of tambourine and flute,
and from that side the cry of 'Alas, alas!'

Free to read, copy and share

14

Dam ba dam takht se uth uth ke ye kehta tha shareer
دم بدم تخت سے اٹھ اٹھ کے یہ کہتا تھا شریر

Qaidi kyun jald nahin aate hain kya hai takheer
قیدی کیوں جلد نہیں آتے ہیں کیا ہے تاخیر

Barh ke karte the khabardar ye us dam taqreer
بڑھ کے کرتے تھے خبردار یہ اُس دم تقریر

Zoaf se paaon ko tham tham ke uthaate hain aseer
ضعف سے پاؤں کو تھم تھم
کے اٹھاتے ہیں اسیر

Maare dahshat ke lahu un ka ghata jaata hai
مارے دہشت کے لہو ان کا گھٹا جاتا ہے

Har qadam ek zaeefa ko ghash aa jaata hai
ہر قدم ایک ضعیفہ کو غش آجاتا ہے

Again and again the wicked man rose from his throne and said,
"Why do the prisoners not come quickly? What is the delay?"
Then the heralds would come forward and say,
"The captives are so weak that they lift their feet haltingly;
from terror their blood runs thin;
at every step one frail woman or another faints."

15

Bola wo kaun si aurat hai wo mahboos-e-sitam
بولا وہ کون سی عورت ہے وہ محبوسِ ستم

Arz ki us ne ke hamsheer-e-shahanshah-e-umam
عرض کی اس نے کہ ہمشیرِ شہنشاہِ امم

Baap jis ka hai Ali pusht-o-panah-e-aalam
باپ جس کا ہے علیؑ پشت وپناہِ عالم

Jis ki maan Fatima hai fakhr-e-janab-e-Maryam
جس کی ماں فاطمہؑ ہے فخرِ جناب مریم

Hai jo sultan-e-Arab us ki nawaasi hai wo
ہے جو سلطانِ عرب اس کی نواسی ہے وہ

Kalima go jis ke hain sab us ki nawaasi hai wo
کلمہ گو جس کے ہیں سب اس کی نواسی ہے وہ

He said, "Which woman is that, that prisoner of cruelty?"
The man answered, "The sister of the King of the nations,
whose father is Ali, the support and refuge of the world,
whose mother is Fatima, the pride of Mary;
she is the granddaughter of the Sultan of Arabia;
she is the granddaughter of him whose creed everyone recites."

Free to read, copy and share

16

Hai wahi Hazrat-e-Jafar ki bahu seena figar
ہے وہی حضرتِ جعفرؑ کی بہو سینہ فگار

Wahi Zainab hai jo Shabbir ki thi ashiq-e-zaar
وہی زینبؑ ہے جو شبیرؑ کی تھی عاشقِ زار

Laash-e-shah par, wahi ushtur se giri thi kai baar
لاش شہ پر، وہی اُشتر سے گری تھی کئی بار

Baad marne ke bhi hai bhai behan mein wahi pyaar
بعد مرنے کے بھی ہے بھائی بہن میں وہی پیار

Qafila yun to sabhi shaam-o-sahar rota hai
قافلہ یوں تو سبھی شام و سحر روتا ہے

Par wo roti hai to Shabbir ka sar rota hai
پر وہ روتی ہے تو شبیر کا سر روتا ہے

"She is that wounded-hearted daughter-in-law of Jafar;
she is that Zainab who loved Shabbir so dearly;
it was she who fell from her camel again and again onto the King's body;
even after death the same love remains between brother and sister:
the whole caravan weeps morning and evening,
but when she weeps, Shabbir's head weeps."

17

Bola wo kya hai phir auron ke na aane ka sabab
بولا وہ کیا ہے پھر اوروں کے نہ آنے کا سبب

Arz ki ek hi rassi mein hain jakre hue sab
عرض کی ایک ہی رسی میں
ہیں جکڑے ہوئے سب

Khaak pe girti hai jab bint-e-shahanshah-e-Arab
خاک پہ گرتی ہے جب بنتِ شہنشاہِ عرب

Shor hota hai aseeron mein ke hai hai Zainab
شور ہوتا ہے اسیروں میں کہ ہے ہے زینبؑ

Hosh mein aan ke, bhai ko wo jab roti hai
ہوش میں آن کے، بھائی کو وہ جب روتی ہے

Der tak qaidiyon mein seena zani hoti hai
دیر تک قیدیوں میں سینہ زنی ہوتی ہے

He said, "Then why do the others not come?"
The man answered, "They are all bound in one rope;
when the daughter of the King of Arabia falls to the ground,
a cry goes up among the captives, 'Alas, alas, Zainab!'
When she comes to and weeps for her brother,
the prisoners beat their breasts for a long while."

Free to read, copy and share

18

Inhin raandon mein hai ik dukhtar-e-farzand-e-Nabi
انہیں رانڈوں مین ہے اک دخترِ فرزند نبی

Khugar-e-seena-e-dilband, Rasool-e-Arabi
خوگرِ سینۂ دلبند، رسولِ عربی

Aafat-e-faaqa kashi, be pidari tishna labi
آفتِ فاقہ کشی، بے پدری تشنہ لبی

Dam ba dam lab pe ye hai ain abi ain abi
دم بہ دم لب پہ یہ ہے این ابی این ابی

Chhaatiyan phatti hain is dard se wo roti hai
چھاتیاں پھٹتی ہیں اس درد سے وہ روتی ہے

Shimr jab aankh dikhaata hai to chup hoti hai
شمرؔ جب آنکھ دکھاتا ہے تو چپ ہوتی ہے

"Among these widows is a daughter of the Prophet's son,
used to sleeping on the breast of the darling of the Arabian Messenger;
the misery of hunger, fatherlessness and thirst;
every moment on her lips is the cry, 'Where is my father? Where is my father?'
She weeps with such pain that hearts break;
when Shimr glares at her, she falls silent."

19

Zikr ye tha ke wo qaidi sar-e-darbar aaye
ذکر یہ تھا کہ وہ قیدی سرِ دربار آئے

Sab pukaare ke wo hakim ke gunahgar aaye
سب پکارے کہ وہ حاکم کے گنہگار آئے

Aage rote hue Sajjad-e-dil afgar aaye
آگے روتے ہوئے سجادِؑ دل افگار آئے

Sar barahna haram-e-Ahmad-e-Mukhtar aaye
سر برہنہ حرم احمد مختار آئے

Saaf khursheed si shaklen jo nazar aati hain
صاف خورشید سی شکلیں جو نظر آتی ہیں

Aankhen sab zalimon ki band hui jaati hain
آنکھیں سب ظالموں کی بند ہوئی جاتی ہیں

While this was being said, the prisoners came before the court;
all cried out, "Here come the ruler's offenders!"
In front, weeping, came Sajjad, wounded at heart;
the women of Ahmad the Chosen came bareheaded.
When faces as bright as the sun come into view,
the eyes of all the tyrants close.

Free to read, copy and share

20

Go ke us roz thin sayyidaniyan khole hue baal
Munh chhupaane ko kisi paas na tha ik rumal
Betiyon ka Asadullah ki, Allah re jalal
Aankh utha kar koi dekhe, ye kisi ki thi majal
Jalwa-e-raushni-e-Toor nazar aata tha
Kuchh na aankhon ko bajuz noor nazar aata tha

گو کہ اس روز تھیں سیدانیاں کھولے ہوئے بال
منہ چھپانے کو کسی پاس نہ تھا اک رومال
بیٹیوں کا اسد اللہ کی، اللہ رے جلال
آنکھ اٹھا کر کوئی دیکھے، یہ کسی کی تھی مجال
جلوۂ روشنیِ طور نظر آتا تھا
کچھ نہ آنکھوں کو بجز نور نظر آتا تھا

Though that day the Sayyid ladies had their hair unbound,
and none of them had so much as a kerchief to hide her face,
Allah, the majesty of the daughters of the Lion of God!
Who had the nerve to raise his eyes and look?
It was like the radiance of the light of Sinai;
the eyes could see nothing but light.

21

Parda-e-chashm se baahar na nikalti thi nazar
Ek se poochhta tha ek ke qaidi hain kidhar?
Betiyan Fatima Zahra ki jo thin nange sar
Dast-e-Haidar tha tamaashaaiyon ki aankhon par
Tha jo manzoor-e-Khuda aal-e-Aba ka parda
Fatima rokti thi, apni rida ka parda

پردۂ چشم سے باہر نہ نکلتی تھی نظر
ایک سے پوچھتا تھا ایک کہ قیدی ہیں کدھر؟
بیٹیاں فاطمہؑ زہرا کی جو تھیں ننگے سر
دست حیدرؑ تھا تماشائیوں کی آنکھوں پر
تھا جو منظورِ خدا آلِ عبا کا پردہ
فاطمہؑ روکتی تھی، اپنی ردا کا پردہ

No glance could get beyond the veil of the eye;
one asked another, "Where are the prisoners?"
For Fatima Zahra's daughters were bareheaded,
and Haidar's hand was over the eyes of the onlookers;
since God willed a veil for the family of the cloak,
Fatima held up the veil of her own mantle.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

22

Kaha zalim ne ke haan qaidiyon ko laao qareeb
Hukm ye sunte hi daure gaye do chaar naqeeb
Sharm ke maare hua, beebiyon ka haal ajeeb
Apna sar peet ke Bano ne kaha waae naseeb
Khench kar sab ko sitamgar jo le jaane lage
Hazrat-e-Zainab-o-Kulsoom ko ghash aane lage

کہا ظالم نے کہ ہاں قیدیوں کو لاؤ قریب
حکم یہ سنتے ہی دوڑے گئے دو چار نقیب
شرم کے مارے ہوا، بیبیوں کا حال عجیب
اپنا سر پیٹ کے بانو نے کہا وائے نصیب
کھینچ کر سب کو ستمگار جو لے جانے لگے
حضرتِ زینب و کلثوم کو غش آنے لگے

The tyrant said, "Yes, bring the prisoners close."
Hearing this order, two or four heralds ran off;
the ladies were in a strange state from shame;
beating her head, Bano said, "Alas for our fate!"
When the tyrants dragged them all forward,
Lady Zainab and Kulsoom fell fainting.

23

Takht ke saamne rote hue aaye jo aseer
Dekh kar Sayyid-e-Sajjad ko bola wo shareer
Sarkashi kar ke na sar bar hue mujh se Shabbir
Shukr karta hoon ke Khaliq ne kiya tum ko haqeer
Baithne ka kahin duniya mein sahaara na raha
Panjtan uth gaye ab zor tumhaara na raha

تخت کے سامنے روتے ہوئے آئے جو اسیر
دیکھ کر سیدِ سجادؑ کو بولا وہ شریر
سرکشی کر کے نہ سربر ہوئے مجھ سے شبیر
شکر کرتا ہوں کہ خالق نے کیا تم کو حقیر
بیٹھنے کا کہیں دنیا میں سہارا نہ رہا
پنجتن اٹھ گئے اب زور تمہارا نہ رہا

When the captives came weeping before the throne,
the wicked man looked at Sayyid Sajjad and said,
"For all his rebellion, Shabbir could not prevail against me;
I give thanks that the Creator has brought you low.
You have nowhere left in the world to rest;
the Panjtan are gone; your strength is no more."

Free to read, copy and share

24

Haan kaho aaj himayat ko Payambar hain kahan?
ہاں کہو آج حمایت کو پیمبر ہیں کہاں؟

Kya hue Ibn-e-Ali Haidar-e-safdar hain kahan?
کیا ہوئے ابنِ علیؑ حیدر صفدر ہیں کہاں؟

Qaid mein un ki bahu aati hai Shabbar hain kahan?
قید میں ان کی بہو آتی ہے شبّر ہیں کہاں؟

Nange sar Zainab-e-dilgeer hai sarwar hain kahan?
ننگے سر زینبِ دلگیر ہے سرور ہیں کہاں؟

Zibah khanjar se hua jo wo pidar kis ka hai?
ذبح خنجر سے ہوا جو وہ پدر کس کا ہے؟

Ik zara ghaur se dekho to ye sar kis ka hai?
اک ذرا غور سے دیکھو تو یہ سر کس کا ہے؟

"Come, tell me: where is the Prophet today to defend you?
What became of Ali's son? Where is Haidar, the breaker of ranks?
His daughter-in-law comes as a prisoner: where is Shabbar?
The grieving Zainab is bareheaded: where is the Leader?
Whose father was he who was slaughtered with the dagger?
Look a little closer: whose head is this?"

25

Kis ke namoos lute kis ka hua ghar taraj?
کس کے ناموس لٹے کس کا ہوا گھر تاراج؟

Kaun be sar hua, aur kaun hua sahib-e-taaj?
کون بے سر ہوا، اور کون ہوا صاحبِ تاج؟

Ek chaadar ke liye kis ki behan hai muhtaj?
ایک چادر کے لیے کس کی بہن ہے محتاج؟

Kaun kamzor hai, aur kaun zabardast hai aaj?
کون کمزور ہے، اور کون زبردست ہے آج؟

Khalq mein kis ke liye martaba-e-aali hai?
خلق میں کس کے لیے مرتبۂ عالی ہے؟

Kis ka iqbal hai, aur kis ki bad iqbali hai?
کس کا اقبال ہے، اور کس کی بد اقبالی ہے؟

"Whose women were plundered? Whose house was laid waste?
Who lost his head, and who now wears the crown?
Whose sister is in need of a single sheet?
Who is weak today, and who is mighty?
For whom is the high rank in the world?
Whose is the good fortune, and whose the misfortune?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

26

Nahr par bazu-e-Shabbir ko maara kis ne?
نہر پر بازوئے شبیرؑ کو مارا کس نے؟

Jang mein Akbar-e-dilgeer ko maara kis ne?
جنگ میں اکبرؑ دلگیر کو مارا کس نے؟

Teer se Asghar-e-be sheer ko maara kis ne?
تیر سے اصغرؑ بے شیر کو مارا کس نے؟

Shah se sahib-e-shamsheer ko maara kis ne?
شاہ سے صاحبِ شمشیر کو مارا کس نے؟

Fauj be sar hui sultan-e-Hijazi na rahe
فوج بے سر ہوئی سلطانِ حجازی نہ رہے

Jin ki talwar ka shohra tha wo ghazi na rahe
جن کی تلوار کا شہرہ تھا وہ غازی نہ رہے

"Who killed Shabbir's strong arm by the river?
Who killed the grieving Akbar in battle?
Who killed Asghar, who had no milk, with an arrow?
Who killed a master of the sword like the King?
The army has lost its head; the Sultan of the Hijaz is no more;
the warriors whose swords were famed are no more."

27

Sun ke ye aa gaya bint-e-shah-e-mardan ko jalal
سن کے یہ آگیا بنتِ شہ مرداں کو جلال

Thartharaa kar kaha kya bakta hai o bad iqbal
تھر تھرا کر کہا کیا بکتا ہے او بد اقبال

Sahib-e-izzat-o-tauqeer Muhammad ki hai aal
صاحبِ عزت و توقیر محمد کی ہے آل

Kabhi hum logon ki izzat pe na aaye ga zawal
کبھی ہم لوگوں کی عزت پہ نہ آئے گا زوال

Hum ko be qadr jo samjha to khata karta hai
ہم کو بے قدر جو سمجھا تو خطا کرتا ہے

Dekh mushaf mein Khuda kis ki sana karta hai
دیکھ مصحف میں خدا کس کی ثنا کرتا ہے

Hearing this, the daughter of the King of men was filled with wrath;
trembling, she said, "What are you babbling, you ill-starred man?
The family of Muhammad is a family of honour and dignity;
never will our honour decline.
If you have thought us worthless, you are wrong;
look in the Holy Book and see whom God praises."

Free to read, copy and share

28

Haan bata Aya-e-Tatheer kise aaya hai? ہاں بتا آیۂ تطہیر کسے آیا ہے؟

Dost apna kise Allah ne farmaaya hai? دوست اپنا کسے اللہ نے فرمایا ہے؟

Hal Ata kis ke liye Rooh-e-Ameen laaya hai? ہل اتیٰ کس کے لیے روح امیں لایا ہے؟

Kis ne Meraj ka duniya mein sharaf paaya hai? کس نے معراج کا دنیا میں شرف پایا ہے؟

Qurb aisa kise Allah ki dargaah mein hai? قرب ایسا کسے اللہ کی درگاہ میں ہے؟

Farq-e-qausain bata kis mein aur Allah mein hai? فرقِ قوسین بتا کس میں اور اللہ میں ہے؟

"Yes, tell me: for whom did the Verse of Purification come?
Whom has Allah called His friend?
For whom did the Trusted Spirit bring the surah 'Hal Ata'?
Who in this world was honoured with the Ascension?
Who is so near to Allah's court?
Tell me, between whom and Allah is the distance of 'two bows' lengths'?"

29

Zor apna kise Allah ne imdad kiya? زور اپنا کسے اللہ نے امداد کیا؟

Khana-e-kufr ko kis sher ne barbad kiya? خانۂ کفر کو کس شیر نے برباد کیا؟

Haq ne Quran ke soorat mein kise yaad kiya? حق نے قرآن کے سورۃ میں کسے یاد کیا؟

Kis ko akmaltu lakum deenakum irshad kiya? کس کو اکملت لکم دینکم ارشاد کیا؟

Kis se har jang mein ajiz saf-e-kuffar aayi? کس سے ہر جنگ میں عاجز صفِ کفار آئی؟

Badr mein kis ke liye arsh se talwar aayi? بدر میں کس کے لیے عرش سے تلوار آئی؟

"To whom did Allah give His own strength as help?
Which lion laid waste the house of unbelief?
Whom did God remember in the suras of the Quran?
Concerning whom did He declare, 'I have perfected your religion for you'?
At whose hands were the ranks of the unbelievers defeated in every battle?
For whom did a sword come down from the Throne at Badr?"

Free to read, copy and share

30

Aal-e-Ahmad ko haqarat se na dekh o maqhoor
آلِ احمد کو حقارت سے نہ دیکھ او مقہور

Sab pe raushan hai ke hum log hain Allah ke noor
سب پہ روشن ہے کہ ہم لوگ ہیں اللہ کے نور

Maar kar sibt-e-Payambar ko ye nakhwat ye ghuroor
مار کر سبطِ پیمبر کو یہ نخوت یہ غرور

Khair hum door na tu door na mahshar hai door
خیر ہم دور نہ تو دور نہ محشر ہے دور

Haq ka darya-e-ghazab josh mein jab aaye ga
حق کا دریائے غضب جوش میں جب آئے گا

Baandhna haath ka sadat ke khul jaaye ga
باندھنا ہاتھ کا سادات کے کھل جائے گا

"Do not look with contempt on the family of Ahmad, you wretch;
it is plain to all that we are the light of Allah.
Having killed the Prophet's grandson, such pride, such arrogance!
Well, we are not far off, nor are you, nor is the Day of Gathering.
When the river of God's wrath rises in flood,
the bonds on the hands of the Sayyids will be loosed."

31

Fakhr kyunkar na kare tu ke ye hai fakhr ki ja
فخر کیونکر نہ کرے تو کہ یہ ہے فخر کی جا

Tu ne Allah ke mahboob ka kaata hai gala
تو نے اللہ کے محبوب کا کاٹا ہے گلا

Ho gaye surkh lahu mein Hasan-e-sabz qaba
ہو گئے سرخ لہو میں حسنِ سبز قبا

Fatima zibah hui, sher-e-Khuda qatl hua
فاطمہؑ ذبح ہوئی، شیرِ خدا قتل ہوا

Aag di khema ko aur zewar-o-zar loot liya
آگ دی خیمہ کو اور زیور و زر لوٹ لیا

Jis ke darban the malak, tu ne wo ghar loot liya
جس کے درباں تھے ملک، تو نے وہ گھر لوٹ لیا

"How should you not boast? This is indeed a cause for boasting!
You have cut the throat of Allah's beloved;
the green-robed Hasan has been reddened with blood;
Fatima has been slaughtered, the Lion of God killed.
You set fire to the tents and plundered the jewels and gold;
you have plundered the house whose doorkeepers were angels."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

32

Tere namoos to hain parda nasheen o azlam
ترے ناموس تو ہیں پردہ نشیں او اظلم

Baal bikhraaye khare hain, tere darbar mein hum
بال بکھرائے کھڑے ہیں، ترے دربار میں ہم

Haaye be parda hai Bano-e-Imam-e-aalam
ہائے بے پردہ ہے بانوئے امامِ عالم

Hai Sakina pe wo zulm aur ye Kubra pe sitam
ہے سکینہؑ پہ وہ ظلم اور یہ کبرآ پہ ستم

Nange sar qaid mein ik raat ki byaahi aayi
ننگے سر قید میں اک رات کی بیاہی آئی

Tujh ko shaadi hui aur hum pe tabaahi aayi
تجھ کو شادی ہوئی اور ہم پہ تباہی آئی

"Your own women sit behind veils, you worst of tyrants,
and we stand in your court with our hair dishevelled;
alas, the Lady of the Imam of the world is unveiled;
such cruelty to Sakina, such oppression to Kubra!
The bride of one night has come bareheaded as a prisoner;
for you there is celebration, and upon us ruin has fallen."

33

Kiye Zainab ne fasahat se ye jis waqt kalam
کیے زینبؑ نے فصاحت سے یہ جس وقت کلام

Kaanpe seenon mein jigar rone lage log tamam
کانپے سینوں میں جگر رونے لگے لوگ تمام

Takht ke neeche dhara tha jo sar-e-pak-e-Imam
تخت کے نیچے دھرا تھا جو سرِ پاکِ امام

Mutawajjeh hua sharma ke idhar hakim-e-Shaam
متوجہ ہوا شرما کے ادھر حاکمِ شام

Aur in zulm raseedon pe jafa karne laga
اور ان ظلم رسیدوں پہ جفا کرنے لگا

Lab-e-farzand-e-Payambar pe chhari dharne laga
لبِ فرزندِ پیمبر پہ چھڑی دھرنے لگا

When Zainab had spoken these words so eloquently,
hearts trembled in their breasts, and all the people began to weep;
the pure head of the Imam lay below the throne;
abashed, the ruler of Syria turned toward it
and began to wrong those victims of cruelty further:
he began to lay his cane on the lips of the Prophet's son.

Free to read, copy and share

34

Khol kar chob se labha-e-shahanshah-e-Arab
Kehta tha paara-e-yaqoot se behtar hain lab
Durr-e-dandan hain ye taban ke khajil hain kaukab
Peet kar seene ko Zainab ne kaha haaye ghazab
Na Muhammad se na Haidar se haya karta hai
Qata ho jaaye tera haath, ye kya karta hai

کھول کر چوب سے لب ہائے شہنشاہِ عرب
کہتا تھا پارۂ یاقوت سے بہتر ہیں لب
دُرِ دنداں ہیں یہ تاباں کہ خجل ہیں کوکب
پیٹ کر سینے کو زینبؑ نے کہا ہائے غضب
نہ محمدؐ سے نہ حیدرؑ سے حیا کرتا ہے
قطع ہو جائے ترا ہاتھ، یہ کیا کرتا ہے

Prising open with a stick the lips of the King of Arabia,
he said, "These lips are finer than a piece of ruby;
these pearly teeth shine so that the stars are put to shame."
Beating her breast, Zainab cried, "O outrage!
You feel no shame before Muhammad or Haidar;
may your hand be cut off! What are you doing?"

35

Is chhari ko mere bhai ke labon se sarka
Bose lete the inhin honton ke Mahboob-e-Khuda
Bahr-e-ummat inhin honton se dua ki hai sada
Inhin daanton pe guhar karti thi sadqe Zahra
Tujh ko pyaare nahin go, hum ko to pyaare hain ye
Arsh tak jin ka hai shohra wo sitaare hain ye

اس چھڑی کو مرے بھائی کے لبوں سے سرکا
بوسے لیتے تھے انہیں ہونٹوں کے محبوب خدا
بہر امت انہیں ہونٹوں سے دعا کی ہے سدا
انہیں دانتوں پہ گہر کرتی تھی صدقے زہراؑ
تجھ کو پیارے نہیں گو، ہم کو تو پیارے ہیں یہ
عرش تک جن کا ہے شہرہ وہ ستارے ہیں یہ

"Take this cane away from my brother's lips!
The Beloved of God used to kiss these very lips;
with these lips he always prayed for the community;
over these teeth Zahra used to scatter pearls as offerings.
Though they are not dear to you, they are dear to us;
these are the stars whose fame reaches the Throne."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

36

Ye sitam bhai pe kin aankhon se dekhe hamsheer
یہ ستم بھائی پہ کن آنکھوں سے دیکھے ہمشیر

Are zalim sar-e-be tan ki bhala kya taqseer
ارے ظالم سرِ بے تن کی بھلا کیا تقصیر

Ye chhari haaye ghazab aur lab-e-pak-e-Shabbir
یہ چھڑی ہائے غضب اور لبِ پاک شبیرؑ

Na sata mujh ko main hoon
bint-e-shah-e-Khaibar geer
نہ ستا مجھ کو میں ہوں بنتِ شہِ خیبر گیر

In khule baalon ko ab haathon pe dharti hoon main
ان کھلے بالوں کو اب ہاتھوں پہ دھرتی ہوں میں

Le shikaayat teri Allah se karti hoon main
لے شکایت تری اللہ سے کرتی ہوں میں

"With what eyes can a sister watch such cruelty to her brother?
O tyrant, what is the fault of a head without a body?
This cane, O outrage, and the pure lips of Shabbir!
Do not torment me; I am the daughter of the King who took Khaibar.
Now I lay this loosened hair upon my hands;
see, I make my complaint against you to Allah."

37

Keh ke ye ghaiz mein aayi jo Ali ki jaai
کہہ کے یہ غیظ میں آئی جو علیؑ کی جائی

Aasmaan aa gaye jumbish mein zameen tharraai
آسماں آ گئے جنبش میں زمیں تھرائی

Sar-e-Shabbir se nagah sada ye aayi
سرِ شبیر سے ناگاہ صدا یہ آئی

Thaam le ghusse ko Zainab tere sadqe bhai
تھام لے غصے کو زینبؑ ترے صدقے بھائی

Na talatum mein kahin qahr-e-ilahi aa jaaye
نہ تلاطم میں کہیں قہرِ الٰہی آ جائے

Kahin ummat ki na kashti pe tabaahi aa jaaye
کہیں امت کی نہ کشتی پہ تباہی آ جائے

When, saying this, Ali's daughter grew angry,
the heavens were set in motion and the earth trembled;
suddenly a voice came from Shabbir's head:
"Restrain your anger, Zainab; your brother would give his life for you;
lest the wrath of God come surging up,
lest ruin fall upon the ark of the community."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

38

Tum to agah ho, Shabbir ne jo dukh paaye
تم تو آگاہ ہو، شبیر نے جو دکھ پائے

Par nahin harf-e-shikayat ke, zaban par laaye
پر نہیں حرف شکایت کے، زباں پر لائے

Sar ko niwra liya jab zibah ko qatil aaye
سر کو نیوڑا لیا جب ذبح کو قاتل آئے

Hum ne ummat ke liye chhaati pe neze khaaye
ہم نے امت کے لیے چھاتی پہ نیزے کھائے

Itni si baat pe masroof-e-buka hoti ho
اتنی سی بات پہ مصروفِ بکا ہوتی ہو

Tum chhari honton pe rakhne se khafa hoti ho
تم چھڑی ہونٹوں پہ رکھنے سے خفا ہوتی ہو

"You know what sufferings Shabbir endured,
yet he never brought a word of complaint to his tongue;
he bowed his head when the killers came to slaughter him;
for the community's sake I took the spears upon my breast.
Do you fall to weeping over so small a thing?
Are you angry that a cane is laid upon my lips?"

39

Barchhiyan khaane se kya is mein kuchh eeza hai pari
برچھیاں کھانے سے کیا اس
میں کچھ ایذا ہے پڑی

Chup rahe tan pe jo talwar pe talwar pari
چپ رہے تن پہ جو تلوار پہ تلوار پڑی

Jaane do rakhi to rakhi mere honton pe chhari
جانے دو رکھی تو رکھی مرے ہونٹوں پہ چھڑی

Ae behan ye bhi guzar jaaye gi aafat ki ghari
اے بہن یہ بھی گذر جائے گی آفت کی گھڑی

Chup hain jo hum pe sitam raah-e-Khuda mein hoga
چپ ہیں جو ہم پہ ستم راہِ خدا میں ہوگا

Us ka insaf to darbar-e-Khuda mein hoga
اس کا انصاف تو دربارِ خدا میں ہوگا

"Is there more pain in this than in taking lances?
We stayed silent when sword upon sword fell on our body;
let it be: if he has laid a cane on my lips, let him;
sister, this hour of trial too will pass.
We are silent at whatever cruelty is done to us in God's way;
justice for it will be done in God's court."

Free to read, copy and share

40

Sar-e-Shabbir ne Zainab se jo ye ki taqreer
Aa ke ghusse mein laga kaanpne wo hakim-e-be peer
Shimr se bola ke bas is ki yahi hai tazeer
Sab ko le ja ke tu kar sakht kharabe mein aseer
Bas Anees ab jigar-o-qalb phunka jaata hai
Haal zindan ka nahin munh se kaha jaata hai

سرِ شبیر نے زینبؑ سے جو یہ کی تقریر
آ کے غصے میں لگا کانپنے وہ حاکم بے پیر
شمرؔ سے بولا کہ بس اس کی یہی ہے تعزیر
سب کو لے جا کے تو کر سخت خرابے میں اسیر
بس انیسؔ اب جگر و قلب پھنکا جاتا ہے
حال زنداں کا نہیں منہ سے کہا جاتا ہے

When Shabbir's head had spoken these words to Zainab,
that heartless ruler began to tremble with rage;
he said to Shimr, "This is the only punishment for her:
take them all away and imprison them in a harsh ruin."
Enough, Anees; now heart and soul are burning;
the state of the prison cannot be put into words.

Printed from https://fzic.org/library/noha/aamad-aamad-haram-e-shah-ki-darbar-mein-hai-50007 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.